## سوال

وضو کے بعد کپڑے کے اوپر شرمگاہ پر چھینٹے مارنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

حدیث پاک میں ہے کہ وضوء کے بعد شرمگاہ پر کپڑے کے اوپر چھینٹے مارنے چاہیئں۔ زید کہتا ہے کہ ایسا کرنا سنت ہے، بکر کہتا ہے فضول ہے یہ کوئی حدیث نہیں۔ نسائی شریف میں حدیث دکھائی گئی تو بکر نے کہا کہ یہ ضعیف ہے۔ امام ترمذی اور امام نسائی نے ضعیف کہا ہے۔ اس مسئلہ کو وضاحت سے بیان فرمائیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث اگرچہ ضعیف ہے مگر محدثین کا اصول ہے کہ ایسے مسائل میں ضعیف حدیث پر بھی عمل درست ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ اہلحدیث**

**وضو کا بیان، ج1ص278**